محکمہ محنت، خیبر پختونخوا

سوال نمبر: 15536

منجانب: احمد کنڈی، صاحب، ایم پی اے۔

نمبر شمار	سوال	جواب
1	کیا وزیر لیبر ارشاد فرمائیں گے کہ (الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں خشت بھٹیاں موجود ہیں؟ (ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان بھٹیوں میں مزدور بھی کام کرتے ہیں؟ (ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:- (i) بھٹہ خشت کس ادرے کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں اور صوبے میں ان کی تعداد کتنی ہیں۔ (ii) ان بھٹیوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی تعداد کتنی ہے اور یہ مزدور ورکرز ویلفیئر بورڈ کیساتھ رجسٹرڈ ہیں کہ نہیں۔ (iii) ان بھٹیوں میں کام کرنے والے مزدوروں کو حکومت کی جانب سے کونسی مراعات ملتی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے۔	(الف) جی ہاں یہ درست ہے ۔ (ب) جی ہاں یہ بھی درست ہے۔ (i) جہاں تک بھٹہ خشت کی رجسٹریشن کا تعلق ہے، تو ایمپلائیز سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن (ESSI) نے بھٹہ خشت کی رجسٹریشن پر کام شروع کیا ہے، اور اب تک ادارہ ھذا نے صوبے بھر میں 186 بھٹہ خشت کو رجسٹر کیا ہے، تاہم بھٹہ خشت ایسوسی ایشن کے مطابق صوبہ بھر میں بھٹہ خشت کی تعداد 1055 ہے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ چند مالکان نے رجسٹریشن کے لیے عدالت سے رجوع کیا ہے، جسکے فیصلے تک مزید رجسٹریشن کا کام التوا کا شکار ہے۔ (ii) ایمپلائیز سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن (ESSI) کے ساتھ رجسٹرڈ 186 بھٹہ خشت میں مزدوروں کی تعداد 6113 ہے۔ جبکہ بھٹہ خشت ایسوسی ایشن کے مطابق بھٹہ خشت میں تقریباً 67480 مزدر کام کرتے ہیں ۔ بھٹہ خشت ورکرز ویلفیئر بورڈ کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہیں۔ (iii) ➢ حکومت کی طرف سے فراہم کردہ مراعات کے لیے ضروری ہے کہ بھٹہ خشت سوشل سیکیورٹی کے ساتھ رجسٹرڈ ہو اور مزدوروں کی تنخواہ کا 6 فیصد سوشل سیکیورٹی کنٹری بیوشن میں جمع کرے، تاکہ اُن کو بلا معاوضہ علاج معالجہ، میٹرنٹی بینیفٹ، ڈیتھ گرانٹ، معذوری گرانٹ وغیرہ کی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اس سلسلے میں بھٹہ خشت مالکان کے ساتھ کئی اجلاس منعقد ہو چکے ہیں، تاکہ ان کو 6 فیصد سوشل سیکیورٹی کنٹری بیوشن کے لئے قائل کیا جا سکے۔ مگر ابھی تک خاطر خواہ نتائج حاصل نہ ہو سکے۔ اسی دوران بھٹہ خشت مالکان نے عدالت سے بھی رجوع کیا، جس کی وجہ سے رجسٹریشن کا کام التوا کا شکار ہے۔ تاہم اب ادارہ نے فیصلہ کیا ہے کہ انکاری مالکان کے خلاف قانونی کاروائی کی جائیگی۔

- مزید برآں لیبر ڈپارٹمنٹ بھٹہ خشت مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لئے Khyber Pakhtunkhwa Minimum Wages Act, 2013 کے تحت اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے، کہ بھٹہ خشت مزدوروں کو حکومت کی طرف سے مقرر کردہ کم سے کم اجرت دلائی جائے۔

- بانڈڈ لیبر کے خاتمہ کیلئے بانڈڈ لیبر Abolition ایکٹ بھی بنایا جاچکا ہے جو کہ جبری طور پر کام لینے سے منع کرتا ہے۔
- بھٹہ خشت مالکان کی طرف سے چائلڈ لیبر کی بھرتی پر پابندی ہے جس کی نگرانی کی جاتی ہے اور اگر کوئی شکایت موصول ہوتی ہے تو لیبر ڈیپارٹمنٹ کے انسپکٹرز ایکشن لیتے ہیں۔
- Industrial Relation Act کے تحت بھٹہ ورکرز ٹریڈ یونین رجسٹر کی جاتی ہیں ساتھ ہی مالکان کی ایسوسی ایشن بھی رجسٹر کی جاتی ہیں اور یوں یہ تنظیمیں اپنے اپنے ممبران کے مفادات اور مسائل حل کرنے کیلئے کام کرتی ہیں۔